# 4 لمبا اور چھوٹا

لالی اپنے ابا کی دوکان پر بیٹھی سامان بیچ رہی تھی۔ تبھی ایک کسان آیا اس کو رسی خریدنی تھی۔






تب کسان نے اپنے ہاتھ سے رسی ناپی اور لالی نے اس کو 7 ہاتھ لمبی رسی دے دی۔ آپ اپنا ہاتھ ناپئے اور اپنی والدہ کا ہاتھ ناپئے کیا فرق ہے؟


بچوں کو بڑھاوا دینا چاہیے کہ وہ اپنے چاروں طرف دیکھیں کہ چیزوں کی لمبائی کو کس کس چیز سے ناپا جاتا ہے۔ عام اور غیر معیاری اکائی کا استعمال کرے۔ مثال کے طور پر رسی، پھولوں کے مالائیں، کپڑے وغیرہ کو کیوبٹ، بالشت یا انگلی وغیرہ سے ناپ کر بیچتے ہیں۔ بچوں کو اپنے جسم کے حصوں کی مدد سے چیزوں کی لمبائیاں اور فاصلے ناپنے کی سرگرمیاں بھی کرنی جانی چاہیے۔

© NCERT not to be republished


# کتنے ہیں؟



* کتنے قدموں میں ڈورجی سڑک پار کرلے گا۔؟



* اس میز پر ایک لائن میں کتنی پیالیاں رکھی جاسکتی ہیں؟






* پیڑ کی شاخ تک پہنچنے کے لیے کتنے مٹکے رکھے جائیں گے؟

* اس تار پر کتنی قمیضیں لٹکائی جاسکتی ہیں؟



© NCERT not to be republished

## ایک سینٹی میٹر (سم) کتنا لمبا ہوتا ہے؟




ماچس کی تیلی 4 سینٹی میٹر لمبی ہے۔

پانسہ ہر طرف سے ایک سینٹی میٹر لمبا ہے۔

چھپکلی 13 سینٹی میٹر لمبی ہے۔

پتی ______ سینٹی میٹر لمبی ہے۔


مومی رنگ ______ سینٹی میٹر لمبا ہے۔

اب اپنے جیومیٹری باکس میں رکھے اسکیل (Scale) کو دیکھیے اس پر کتنے سینٹی میٹر بنے ہیں؟





© NCERT not to be republished

وہ چھوٹا اسکیل جو آپ اسکول میں زیادہ تر استعمال کرتے ہیں وہ اس طرح کا ہوتا ہے۔





کیا 0 نشان سے ناپنا شروع کرنا آسان ہوتا ہے؟ اسکیل کے پاس بنی چیزوں کو دیکھیے اور ان کی لمبائیاں معلوم کیجیے۔

* اسکیل پر بنی چھوٹی لائینیں کس کام آتی ہیں؟
* ایسی چیزوں کو دیکھیے جو
  * تقریباً 10 سینٹی میٹر لمبی ہوں۔
  * 10 اور 20 سینٹی میٹر کے درمیان کی لمبائی کی ہوں۔
  * 1 سینٹی میٹر سے کم لمبی ہوں۔
* ان میں سے کچھ کو یہاں بنائیے۔




© NCERT not to be republished

## میرا ہاتھ کتنا لمبا ہے؟






اپنے انگوٹھے اور اپنی چھوٹی انگلی کو ناپیے ۔

اس صفحہ پر بنا اسکیل استعمال کیجیے۔

کون لمبا ہے؟ انگوٹھا یا چھوٹی انگلی؟

ناپنے والا فیتہ اپنی کلاس میں لے کر آئیے ۔

اپنے جسم کے مختلف حصوں کی لمبائیوں کا اندازہ لگائیے اور پھر جانچ کیجیے کہ کیا آپ کا اندازہ درست ہے۔ آپ ایک اسکیل، رسی، ناپنے کا فیتہ وغیرہ استعمال کر سکتے ہیں۔



**سوچیے**

اگر آپ رسی، جوتے کا فیتہ، دھاگہ وغیرہ سے ناپیں گے تو آپ کو یہ کیسے پتہ چلے گا کہ کتنے سینٹی میٹر ہیں؟

© NCERT not to be republished

|  | میری ناپ | میرے دوست کی ناپ |
|---|---|---|
| ناک | سینٹی میٹر______ | سینٹی میٹر______ |
| کلائی کے چاروں طرف | سینٹی میٹر______ | سینٹی میٹر______ |
| سر کے چاروں طرف | سینٹی میٹر______ | سینٹی میٹر______ |
| کان | سینٹی میٹر______ | سینٹی میٹر______ |
| ہاتھ (بیچ کی انگلی کے کنارے سے کلائی تک) | سینٹی میٹر______ | سینٹی میٹر______ |



اپنی اور اپنے دوستوں کی ناپ کا موازنہ کیجیے۔

- کس کا سر سب سے بڑا ہے اور کسی کا سب سے چھوٹا ہے؟

  ____________ ____________

- کس کا ہاتھ سب سے لمبا ہے (بیچ کی انگلی سے کلائی تک)؟

  ____________



- کیا لمبا ہے؟ آپ کا کان یا آپ کی ناک ______


- کیا آپ کا کوئی ناخن ایک سینٹی میٹر سے زیادہ لمبا ہے؟

  ____________

© NCERT not to be republished

# جبلی اور گیہوں کے دانے

جبلی چیونٹی کو گیہوں کے دانوں تک جانا چاہیے۔ وہ سب سے چھوٹا راستہ ڈھونڈ رہی ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کون سا راستہ سب سے چھوٹا ہے؟




کیا آپ ان سب سے چھوٹی سڑک بنا سکتے ہیں؟ اس سڑک کی لمبائی کیا ہوگی؟ ________________

بچوں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اس قابل ہو جائیں کہ اپنی جان پہچان کی چیزوں کے مقابلے میں میٹر کا اندازہ لگا سکیں جیسے ان کی اپنی لمبائی بجائے اس کے کہ وہ میٹر کو سینٹی میٹر میں بدلنے کی شکل اور تھکا دینے والی مشق کریں۔ ابھی بچوں کا کلومیٹر جیسی بڑی اکائیوں کو سمجھنا مشکل ہے۔ اس لیے ان سے کہانی سنا کر کلومیٹر کا استعمال کرانا چاہیے۔ آگرہ کا نقشہ ایک ایسی مشق ہے جس میں بچوں کو شامل کر کے بات چیت کی جا سکتی ہے اور جانی پہچانی چیزوں کی مدد سے نقشہ کی دو ابعادی شکل کو سمجھنا آسان ہوگا۔

© NCERT not to be republished

## ایک میٹر کتنا لمبا ہوتا ہے؟













## ایک میٹر کے برابر رسی بنائیں

آپ نے کپڑے والے کو میٹر روڈ (Meter rod) سے کپڑا ناپتے ہوئے دیکھا ہوگا۔



- میٹر روڈ اور رسی کا استعمال کریں۔
- رسی کے ایک کنارے پر گرہ (گانٹھ) لگائیں۔
- میٹر روڈ کو رسی کے برابر رکھیں۔
- رسی پر ایک میٹر کا نشان لگایئے اور وہاں پر گرہ لگایئے۔
- اب دونوں گرہوں کے درمیان کی لمبائی ایک میٹر ہوگئی۔ لیجیے اب رسی کا میٹر تیار ہے۔

اگر آپ کے پاس میٹر روڈ نہیں ہے تو آپ ناپنے والا فیتہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ رسی پر 100 سینٹی میٹر پر نشان لگایئے۔ 100 سینٹی میٹر، ایک میٹر کے برابر ہوتا ہے۔ اس طرح بھی آپ رسی کا میٹر تیار کر سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished



## اندازہ لگایئے اور جانچیے

مشغلہ 1

* کوئی ایسی چیز لیجیے جو ایک میٹر لمبی دکھائی دیتی ہو۔
* رسی کے میٹر کا استعمال کر کے یہ معلوم کیجیے کہ یہ چیزیں ایک میٹر سے زیادہ لمبی ہیں یا کم۔

| چیز کا نام | 1میٹر سے زیادہ لمبی | 1میٹر سے کم لمبی |
|---|---|---|
| میز کی لمبائی | — | — |
| میز کی چوڑائی | — | — |
| دروازے کی چوڑائی | — | — |
| دروازے کی اونچائی | — | — |
| | — | — |
| | — | — |
| | — | — |

مشغلہ 2



تیسری کلاس کے کچھ بچوں نے کلاس کی دیوار پر ایک میٹر اونچائی پر نشان لگایا آپ بھی اپنی کلاس کی دیوار پر ایک میٹر کا نشان لگا سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

اب آپ اپنے دوستوں کی لمبائی کا ایک چارٹ بنائیے۔
سینٹی میٹر کو ناپنے کے لیے آپ اپنے چھوٹے اسکیل کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔

| نام | لمبا / چھوٹا/ برابر ایک میٹر سے | ایک میٹر سے کتنے سینٹی میٹر کم یا زیادہ |
|---|---|---|
| شمبھو | لمبا | 4 سینٹی میٹر زیادہ |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |




© NCERT not to be republished

## سینٹی میٹر یا میٹر

ان میں سے کس کی لمبائی سینٹی میٹر میں ناپی جاسکتی ہے اور کن کی میٹر میں؟



* کمپیوٹر کے اسکرین کی چوڑائی
* سردار جی کی پگڑی کی لمبائی



* ایک سال کے بچے کی لمبائی
* کیلے کی لمبائی



* ہاتھی کی کمر کی چوڑائی



* گنے کی لمبائی
* کنوئیں کی گہرائی
* اپنی اماں کی لمبائی
* گھر سے اسکول کا فاصلہ
* ابا کے ہاتھ کی لمبائی




© NCERT not to be republished

## چلو آگرہ چلیں

میری اور بائی چنگ اپنی فیملی کے ساتھ آگرہ جا رہے تھے۔ وہ آگرہ کینٹ کے ریلوے اسٹیشن پر اترے اور وہاں سے تاج محل جانے کے لیے ایک رکشا لیا۔ تین گھنٹے گھومنے کے بعد انہوں نے پھر رکشا لے کر آگرے کا قلعہ دیکھنے گئے۔ دوپہر کو انہوں نے بس لی اور فتح پور سیکری گئے۔

آگرے کا نقشہ




اب ان جگہوں کے درمیان کے فاصلوں کو دیکھتے ہیں۔

- آگرہ کینٹ ریلوے اسٹیشن سے تاج محل - 5 کلومیٹر
- تاج محل سے آگرہ کا قلعہ - 2 کلومیٹر
- آگرہ کے قلعے سے فتح پور سیکری۔ 40 کلومیٹر

اب آپ نقشے کی مدد سے معلوم کیجیے

آگرہ کینٹ سے اسٹیشن سے کون زیادہ دور ہے ۔ تاج محل یا فتح پور سیکری؟

┼┼┼┼┼┼┼┼┼┼┼┼┼┼┼┼┼ ریل کی پٹری ظاہر کرتی ہے۔

ان میں سے کون ریل کی پٹری کے سب سے زیادہ قریب ہے :

- بابر پور کا جنگل یا تاج محل کا جنگل؟
- آگرہ کا قلعہ یا تاج محل؟


ان میں کون جمنا ندی کے زیادہ قریب ہے :

- تاج محل یا ریلوے اسٹیشن؟

© NCERT not to be republished

# صحیح لمبائیوں کو ملائیے

لائن کھینچ کر ہر تصویر کو اس کی اندازاً لمبائی سے ملائیے۔



کیچوے کی لمبائی



بچے کی لمبائی



انگلی کے ناخن کی لمبائی



ساڑی کی لمبائی




گھر سے اسکول کی دوری

2 کلومیٹر

5 میٹر

10 سینٹی میٹر

1 سینٹی میٹر

1 میٹر




© NCERT not to be republished

# لمبی دموں کا مقابلہ

اس تصویر میں کچھ جانور دکھائے گئے ہیں۔
جو آپس میں ایک مقابلہ کر رہے ہیں۔ وہ جانور جس کی دم سب سے لمبی ہوگی اس کو پہلا انعام ملے گا۔ اب آپ بتایئے کہ کس کو پہلا انعام ملے گا اور کس کو دوسرا انعام ملے گا۔ سب سے زیادہ لمبی دم کی لمبائی کا اندازہ لگایئے۔

